


## سبق اول: سماعت اور مختلف اقسام کے مسائلِ سماعت

### سماعت کیا ہے؟

سماعت وہ صلاحیت ہے جس کے ذریعے ہم اپنے ارد گرد (ماحول) موجود آوازوں کا ادراک کر سکتے ہیں اور سمجھ سکتے ہیں۔ کان آواز کی لہروں کو اکٹھا (جمع) کرتے ہیں اور انہیں برقی اشارے (سگنلز) میں تبدیل کر کے دماغ کو بھیجتے ہیں۔ جب یہ سگنلز دماغ تک پہنچتے ہیں، تو ہم اوازوں کو سنتے اور پہچان سکتے ہیں۔ اچھی سماعت کے لیے ضروری ہے کہ کان کے تمام حصے درست طریقے سے کام کر رہے ہوں۔ سماعت کے عمل میں شامل کان کے مختلف حصے درج ذیل ہیں:

| حصہ | کام | اہم نکات | تصویر |
|---|---|---|---|
| بیرونی کان | آواز کو ہوا سے اکٹھا کرتا ہے اور انہیں کان کی نالی میں بھیجتا ہے۔ | کان کی نالی میں پیلی یا بھوری موم نما چیز بنتی ہے، یہ کان کو محفوظ رکھنے اور اسے گرد و غبار سے صاف رکھنے میں مدد دیتی ہے۔ یہ موم (Wax) عام طور پر کان کی نالی کے ذریعے خود ہی باہر نکل جاتی ہے۔ |  |
| درمیانی کان | آوازوں کو بلند کرتا ہے۔ | کان کی نالی، کان کے پردے تک جاتی ہے (ٹمپینک ممبرین)۔ کان کا پردہ، کان کی نالی اور اندرونی کان کو جدا کرتا ہے۔ |  |
| اندرونی کان | آوازوں کو برقی اشاروں (سگنلز) میں تبدیل کرتا ہے۔ | اندرونی کان دو حصوں سے مل کر بنتا ہے۔<br>• کوکلیہ: سماعت کے لیے ذمہ دار حصہ<br>• ویسٹیبولر نظام: یہ دماغ کو معلومات فراہم کرتا ہے، جو ہمیں توازن برقرار رکھنے میں مدد دیتا ہے۔ |  |

### سماعت میں کمی کیا ہے؟

سماعت میں کمی وہ حالت ہے جس میں کوئی فرد معمول کے مطابق نہیں سن پاتا جیسا کہ ایک عام فرد سن سکتا ہے۔ ایسے افراد کو خاموش اور شور والے دونوں ماحول میں گفتگو سمجھنے میں مشکل پیش آسکتی ہے۔ سماعت میں کمی معمولی سے لے کر شدید حد تک ہو سکتی ہے۔

- افراد جو سماعت کی معمولی، درمیانی اور شدید کمی کا شکار ہوتے ہیں انہیں بات چیت کو سمجھنے میں مشکل پیش آتی ہے۔ اسے کم سننے والا کہا جاتا ہے۔

- دونوں کانوں سے سماعت کی شدید سے شدید ترین کمی والے افراد کو "محروم سماعت " (بہرا) کہا جاتا ہے۔

سماعت سے محروم لوگوں کی ضروریات زیادہ پیچیدہ ہوتی ہیں اور انہیں ماہرِ امراض کان و سماعت کے پاس بھیجنا (ریفر) چاہیے.

سماعت میں کمی کی عام وجوہات درج ذیل ہیں:

- مسائل جو پیدائش سے پہلے، دوران پیدائش اور پیدائش کے فورا بعد پیش آتے ہیں۔
- کان کی بیماریاں جیسے خسرہ، کن پیڑے، گردن توڑ بخار اور کان کے انفیکشن
- کان کے مسائل جیسے غیر مطلوبہ اشیاء اور کان کی موم کی وجہ سے رکاوٹ
- عمر رسیدگی اور سماعت میں کمی
- شور والے ماحول میں کام کی وجہ سے سماعت میں خرابی
- ادویات اور کیمیائی مواد کی وجہ سے سماعت میں خرابی

سماعت میں کمی، افراد کو مختلف انداز میں متاثر کرتی ہے۔ نوزائیدہ اور دیگر بچوں کے لیے سننا بہت ضروری ہے تا کہ وہ سننے اور بولنے کی صلاحیت حاصل کر سکیں۔ سماعت میں کمی سے متاثرہ شخص کو بات چیت میں مشکلات پیش آسکتی ہیں اور انہیں گھر میں، کام کی جگہ پر، سکول اور دوستوں کے ساتھ بھی مسائل درپیش ہوتے ہیں۔ یہ ضروری ہے کہ بچوں اور بڑوں میں سماعت کی کمی کو جلد شناخت کر لیا جائے۔

## صحت مند کان

کسی فرد کے کان کی صحت کا جائزہ لیتے ہوئے یہ ضروری ہے کہ دونوں کانوں کو باہر یا اندر سے دیکھا جائے، ہمیشہ مطلوبہ فرد کے کان کو سامنے اور پیچھے سے دیکھا جائے۔ ایک صحت مند کان میں درج ذیل خصوصیات ہونی چاہیے:

- کان کی نالی موجود ہو اور بند نہ ہو
- کان کا پردہ:
  - شفاف ہو (جزوی طور پر آر پار نظر آرہا ہو)
  - سفید یا ہلکا سرمئی ہو
- چوٹ یا انفیکشن کی علامات نہ ہوں

اگر کسی فرد کا پِنّا یا کان کی نالی موجود نہ ہو یا بہت زیادہ مختلف ہو تو ایسے فرد کی ضروریات بہت پیچیدہ ہوتی ہیں اور ایسے میں مطلوبہ فرد کو ماہر امراضِ کان و سماعت کے پاس بیجنا ☜ (ریفر) چاہیے۔

## کان کے مسائل

کان کے مسائل کسی فرد کے سننے کی صلاحیت کو متاثر کر سکتے ہیں۔ تاہم کان کے بہت سے مسائل کا علاج کیا جا سکتا ہے اور مطلوبہ فرد کی سماعت کو بہتر یا مکمل طور پر بحال کیا جا

سکتا ہے۔ کسی بھی فرد کو سماعت میں مدد دینے والی مصنوعات فراہم کرنے سے پہلے کان کے مسائل کی جانچ کریں۔

کان کے مسائل سے متاثرہ شخص محسوس کر سکتا ہے:

- درد
- سماعت میں کمی
- کان سے رطوبت کا اخراج

**خبردار!** انفیکشن کا علاج نہ ہونے کی صورت میں کان کا پردہ پھٹ سکتا ہے

جب سماعت سے محرومی کی ممکنہ وجہ کو دور کر دیا جاتا ہے، تو مطلوبہ فرد کو یوں محسوس ہو سکتا ہے جیسے وہ دوبارہ صحیح طریقے سے سُن سکتا ہے۔ ہمیشہ تصدیق کریں کہ مطلوبہ فرد کے کان صحت مند ہیں اور سماعت کی سطح جانچنے کے لیے سماعت کا ٹیسٹ جاری رکھیں۔

## سبق دوئم: سماعت کے لیے معاون مصنوعات

سماعت میں دِقت (مشکلات) رکھنے والے ہر عمر کے افراد سماعت میں مدد دینے والی مصنوعات استعمال کر سکتے ہیں۔

### سماعت کے لئے معاون مصنوعات میں شامل ہیں

عام طور پر، سماعت میں مدد دینے والی مصنوعات میں شامل ہیں:

- **آلہ سماعت**، وہ برقی آلات برائے سماعت ہیں جو کان پر پہنے جاتے ہیں یہ آلات کچھ آوازوں کو بلند کر دیتے ہیں تا کہ مطلوبہ شخص بہتر سن سکے۔ پہلے سے پروگرام شدہ اور قابل پروگرام سماعت کے آلات شامل ہیں۔
- **ذاتی ریموٹ مائیکروفون سسٹم** ان افراد کی مدد کرتے ہیں جو آلہ سماعت اس لیے استعمال کرتے ہیں تا کہ شور والی جگہ پر بہتر سن سکیں۔

### مصنوعات جو سماعت معاون مصنوعات میں شامل نہیں ہیں

درج ذیل مصنوعات شامل نہیں:

- کان کے اندر رکھنے والے آلہ سماعت (In-the-ear hearing aids)
- کوکلیئر امپلانٹس (Cochlear implants)
- ہوشیار کرنے والے آلات (Alarm signallers)
- سماعت کے لیے لوپ سسٹم (Loop systems)
- آواز پھیلانے والا نظام (Sound field systems)

## سبق سوئم: کان کی صحت کی جانچ کیسے کی جائے

ٹی اے پی(TAP) کان کی صحت جانچنے کا سادہ سا طریقہ ہے، یہ طریقہ کار یہ جاننے میں مدد دیتا ہے کہ بچے کو یا فرد کو کان میں کوئی مسئلہ اور / یا سماعت میں کوئی دشواری تو نہیں۔ یہ اس بات کا تعین کرنے میں مدد دیتا ہے کہ درج ذیل سے فائدہ ممکن ہے:

- کان کی خشک صفائی(Dry Mop) یا کان کی دھلائی
- سماعت کی جانچ
- کان اور سماعت کے ماہر کے پاس بھجوانا (ریفر)
- دیگر معاون آلات کے لیے بھجوانا (ریفر)

معائنہ شروع کرنے سے پہلے، جگہ اور آلات کی تیاری کریں۔ کان کی صحت کے معائنے کے لیے مطلوبہ شخص کو وضاحت کریں اور کان کے معائنے کی اجازت طلب کریں۔

### سوالات برائے معائنہ

مطلوبہ شخص سے سوالات کریں تا کہ ان کی سماعت کے مسائل اور سماعت میں مدد دینے والی مصنوعات کے ساتھ ہونے والے تجربے کو سمجھا جا سکے۔

کچھ لوگوں کی ضروریات پیچیدہ ہوتی ہیں اور انہیں ☜ تشخیص اور / یا علاج کے لیے کان اور سماعت کے ماہر سے رجوع کرنے کی ضرورت ہو گی۔ یہ پیچیدہ ضروریات درج ذیل ہیں:

- پانچ سال سے کم عمر بچے
- پانچ سال سے بڑی عمر کے بچے اور بڑے (بالغ) جو بول نہیں سکتے یا جنہیں بولنے میں دِقت (دشواری) ہے
- وہ افراد جنہیں بار بار کان سے رطوبت خارج ہونے کا مسئلہ ہے
- پچھلے تھوڑے سے عرصے میں اچانک سماعت میں تبدیلی (پچھلے تین ماہ میں)

اگر کوئی شخص پہلے ہی سماعت میں مدد دینے والی کوئی معاون مصنوعات استعمال کر رہا ہے، اور اُسے اپنی موجودہ مصنوعات سے کوئی مسئلہ ہے، ☜ تو اُس کی اجازت سے، اُسے سہولت فراہم کرنے والے اُسی ادارے کے پاس بھیجیں جہاں سے اُس نے یہ مصنوعات حاصل کی تھی۔

### کان کی صحت کا معائنہ

عملی اقدام

| مرحلہ | عملی اقدام اگر کان میں مسئلہ ہو | عملی اقدام اگر کان میں مسئلہ نہ ہو |
|---|---|---|
| 1. بیرونی کان کا باہر سے معائنہ کریں (سامنے اور پیچھے سے دونوں کانوں کا) | • اگر علامات ہوں:<br>○ زخم، انفیکشن یا<br>○ کان کی نالی کا موجود نہ ہونا یا شکل میں بہت مختلف ہونا ☜ کان اور سماعت کے ماہر | اگر بیرونی کان صحت مند ہے ← جاری رکھیں فرد کے کان کے اندر دیکھیں |

| | | |
|---|---|---|
| | کے پاس بھجوائیں (ریفر)۔<br>• اگر مطلوبہ شخص کو زخم یا انفیکشن ہو ← انہیں کہیں کہ علاج مکمل ہونے کے بعد کان کی صحت کے معائنے کے لیے دوبارہ تشریف لائیں۔<br>• اگر کان سے رطوبت کے اخراج کے علاوہ اخراج کی علامات ہوں ← مطلوبہ شخص کے کان کو خشک طریقے (Dry Mop) سے صاف کریں۔ | |
| 2. اوٹوسکوپ کی مدد سے مطلوبہ شخص کے کان کے اندر دیکھیں (دونوں اطراف) | • اگر انفیکشن کی علامات ہوں ☜ کان اور سماعت کے ماہر کی طرف بھجوائیں (ریفر)۔ مطلوبہ شخص سے کہیں، کہ علاج مکمل ہونے کے بعد کان کی صحت کے معائنے کے لیے دوبارہ تشریف لائیں۔<br>• اگر کان کے پردے میں سوراخ ہو ☜ کان اور سماعت کے ماہر کی طرف بھجوائیں (ریفر)۔<br>• اگر کان، کان کی موم (Wax) یا غیر مطلوبہ چیز کی وجہ سے بند ہو ← کان دھوئیں۔ کان کی صفائی کرنے سے پہلے تصدیق کر لیں کہ یہ عمل محفوظ ہے۔ | اگر کان اندر سے صحت مند ہے ←سماعت کی جانچ کا منصوبہ بنائیں |
| 3. اگر ضرورت محسوس ہو تو کان دھوئیں | • اگر کان کی دھلائی کامیاب نہ ہو ☜ ایسے افراد کو کان اور سماعت کے ماہر کے پاس بھجوائیں (ریفر) اور انہیں کہیں کہ علاج مکمل ہونے کے بعد کان کی صحت کے معائنے کے لیے دوبارہ تشریف لائیں۔ | اگر کان کی دھلائی کامیاب ہو اور کان صحت مند ہو ← سماعت کی جانچ کا منصوبہ بنائیں |

اگر دونوں کان باہر اور اندر سے صحت مند ہوں (بیرونی اور اندرونی)، تو سماعت کے معائنے کی منصوبہ بندی کریں تاکہ یہ جانچا جا سکے کہ آیا کسی فرد کو سماعت میں مدد دینے والے آلات سے فائدہ ہو سکتا ہے۔

## اوٹوسکوپ (Otoscope) کیسے استعمال کیا جائے؟

- سپیکولم (Speculum)، اوٹوسکوپ کا علیحدہ ہو جانے والا حصہ ہے یہ مطلوبہ فرد کے کان کی نالی میں جاتا ہے۔ سپیکولم کو استعمال سے پہلے روئی سے صاف کریں اور جراثیم سے پاک کریں۔
- اگر آپ مطلوبہ فرد کے دائیں کان کا معائنہ کر رہے ہیں تو اوٹوسکوپ کو اپنے دائیں ہاتھ میں پکڑیں اور اسی طرح بائیں کان کے معائنے کے لیے بایاں ہاتھ استعمال کریں۔

## کان کے اندر سے معائنہ کیسے کریں؟

1. کان کے معائنے سے پہلے اور بعد میں اپنے ہاتھ صابن سے دھوئیں اور خشک کریں.
2. ٹریگس (کان کے سامنے ابھری ہوئی سطح - Tragus) پر ہلکا سا دباؤ ڈالیں تاکہ درد کا اندازہ ہو سکے۔ اگر درد کی علامات موجود ہو تو اوٹوسکوپ کے کے استعمال سے گریز

کریں یا نہایت آرام کے ساتھ استعمال کریں۔

3. کان سے رطوبت کے اخراج کو دیکھیں۔ خشک صفائی (Dry Mop) کے ذریعے رطوبت کو صاف کریں۔
4. مطلوبہ فرد کے کان کی نالی کو سیدھا کرنے کے لیے آرام سے پِنّا کو اوپر اور پیچھے کی طرف کھینچیں تا کہ کان کی نالی سیدھی ہو جائے۔ چھوٹے بچے کے لیے پِنّا کو صرف پیچھے کی طرف کھینچیں۔ معائنہ (Otoscopy) کے دوران پِنّا کو پکڑے رکھیں۔
5. ہمیشہ اوٹوسکوپ (Otoscope) آرام اور نرمی سے کان میں داخل کریں تا کہ درد یا خرابی سے بچا جا سکے۔ سپیکولم (Speculum) کو زیادہ گہرائی تک داخل نہ کریں۔ اگر مطلوبہ فرد درد محسوس کرے تو معائنہ روک دیں۔
6. اگر آپ کان کا پردہ نہیں دیکھ پا رہے تو ممکن ہے کہ کان میں موجود موم نے دیکھنے میں رکاوٹ ڈال دی ہو یا اوٹوسکوپ (Otoscope) درست طریقے سے اندر موجود نہ ہو۔ آرام سے اوٹوسکوپ کی جگہ کو اوپر اور سامنے کی طرف کریں (فرد کی انکھ کی طرف)۔
7. ہمیشہ دونوں کانوں کا معائنہ کریں

## خشک صفائی (Dry Mop)

مطلوبہ فرد کے کان سے رطوبت کو صاف کرنے کا محفوظ طریقہ یہ ہے:

1. کان کے معائنے سے پہلے اور بعد میں اپنے ہاتھ صابن سے دھوئیں اور خشک کریں۔
2. صاف ٹشو پیپر کے کونے کو موڑیں تا کہ آپ ٹشو کی بتی (ٹشو بتی) بنا سکیں۔
3. آہستہ سے بالغ فرد کا پِنّا اوپر اور پیچھے کی طرف کھینچیں ' بچوں کے لیے سیدھا پیچھے کی طرف۔
4. مطلوبہ فرد کے کان میں "ٹشو بتی" دو سے تین سینٹی میٹر تک داخل کریں اور آہستہ سے گھمائیں۔
5. "ٹشو بتی" کو 10 سیکنڈ تک کان میں رہنے دیں۔
6. "ٹشو بتی" باہر نکالیں اور دیکھیں کیا اس پر پَس (پیپ) یا کوئی اور رطوبت لگی ہوئی ہے۔
7. ٹشو بتی جو آپ نے ابھی استعمال کی ہے، کو پھینک دیں۔ استعمال شدہ ٹشو بتیوں کو تلف کرتے ہوئے مقامی راہنما اصولوں پر عمل کریں۔
8. نئی ٹشو بتی سے یہی عمل دوبارہ دُہرائیں یہ عمل اُس وقت تک جاری رکھیں جب تک ٹشو بتی خشک نہ ہو جائے۔
9. مطلوبہ شخص کے کان کا معائنہ اوٹوسکوپ (Otoscope) سے کریں تا کہ یقینی بنایا جا سکے کہ تمام رطوبت نکالی جا چکی ہے۔

**انتباہ!** مطلوبہ شخص کے کان کی دھلائی نہ کریں اگر درج ذیل معاملات ہوں:

- حال ہی میں کی گئی کان کی سرجری
- کان کے پردے میں سوراخ
- کان کا انفیکشن
- کان میں درد

اگر درج بالا میں سے کچھ بھی ہو مطلوبہ شخص کو کان اور سماعت کے ماہر کے پاس ☜ بھجوا (ریفر) دیں

## کان کی دھلائی

کان سے موم اور غیر مطلوبہ چیز نکالنے کے لیے کان کی دھلائی کی جاتی ہے۔

کان دھونے کے لیے:

1. کان دھونے سے پہلے اور بعد میں اپنے ہاتھ صابن سے دھوئیں اور خشک کریں۔
2. پانی کے درجہ حرارت کی تصدیق کریں۔ یہ نہ تو گرم اور نہ ہی ٹھنڈا بلکہ معتدل گرم (نیم گرم) ہونا چاہیے۔ اس پانی سے 20 ملی لیٹر کی سرنج بھر لیں۔
3. کسی شخص سے کہیں گے وہ ایک طبی برتن یا بڑا سا پیالہ (Bowl) معائنہ کیے جانے والے شخص کے کان کے نیچے، گردن کے ساتھ جوڑ کر پکڑ رکھے۔
4. سرنج کا سرا مطلوبہ شخص کے کان میں ڈالیں۔
5. سرنج کے سرے (Tip) کا رُخ کان کی نالی کے اوپر والی سمت اور قدرے پیچھے کی طرف ہو۔
6. سرنج کو دبائیں تا کہ پانی مطلوبہ شخص کے کان کی نالی میں داخل ہو جائے۔
7. پانی، طبی برتن یا پیالے (Bowl) میں بہہ جائے گا اور ہو سکتا ہے کہ اُس میں کان کی موم اور غیر مطلوبہ جسم بھی باہر آ جائے۔
8. مطلوبہ شخص کے کان کا معائنہ دوبارہ اوٹو سکوپ (Otoscope) سے کریں۔
9. اگر کان کی نالی میں موجود رکاوٹ کو مزید دور کرنا ضروری ہو تو کان کی دھلائی دوبارہ کریں۔
10. ہر دھلائی کے بعد مطلوبہ شخص کے کان کا معائنہ کریں۔

**انتباہ!** اگر مطلوبہ شخص کان میں درد محسوس کرے تو کان دھونا بند کر دیں۔

اگر مطلوبہ شخص کا کان بوجہ موم تین کوششوں کے باوجود بھی بند رہتا ہے تو اُسے اگلے دن آنے کے لیے کہیں تا کہ دوبارہ کان دھویا جا سکے۔ اگر دو دن کے بعد بھی کان کا موم صاف نہیں ہوتا تو مطلوبہ شخص کی اجازت سے اسے کان اور سماعت کے ماہر کے پاس ☜ بھجوا (ریفر) دیں۔

## سبق چہارم: لائحہ عمل

### دیگر معاون مصنوعات

کان کی صحت کے معائنے کے دوران مطلوبہ شخص سے پوچھیں آیا انہیں جسم کے دیگر حصوں میں بھی کوئی مشکلات درپیش ہیں۔ مثال کے طور پر، دیکھنے میں، حرکت کرنے میں، اپنا خیال رکھنے میں، گفتگو میں یا ادراک (سوچنے اور یاد رکھنے) میں۔

### اگلے مراحل

- **معائنہ:** اگر مطلوبہ فرد کو جسم کے کسی دوسرے حصے میں بھی مشکلات درپیش ہیں، پوچھیے، کیا وہ ان مسائل کے حوالے سے بھی معائنہ اور تشخیص کروانا چاہتا ہے۔
- **تجزیہ کریں:** اگر مطلوبہ شخص کے کان صحت مند ہیں تو سماعت کی جانچ کی منصوبہ بندی کریں۔
- **رجوع (ریفر):** جب بھی مطلوبہ شخص کو بھجوائیں (ریفر) تو معاملہ زیر بحث لائیں اور رضامندی حاصل کریں۔

- **دوبارہ معائنہ:** کان کے انفیکشن کے علاج کے بعد مطلوبہ شخص کو کان کے معائنے کے لیے دوبارہ بلائیں۔ اگر علاج کے بعد بھی کان کی صحت بہتر نہیں ہے تو دوبارہ کان اور سماعت کے ماہر کے پاس ☜ بھجوائیں (ریفر)۔